# باب 8 خواتین کو با اختیار بنانا

**سوال نمبر 1 : تشدد کی تعریف کریں۔**

جواب : عالمی ادارہ صحت کے مطابق تشدد جسمانی قوت یا جبر کا وہ ارادی استعمال ہے جس میں زخم، موت، نفسیاتی تکلیف یا کسی اور چیز سے محرومی ممکن ہو۔

**سوال نمبر 2 : دہشت گردی سے کیا مراد ہے؟**

جواب : سیاسی، مذہبی یا نظریاتی مقاصد کے حصول کے لیے تشدد کا استعمال دہشت گردی کہلاتا ہے۔

**سوال نمبر 3 : دورِ جاہلیت میں عورت کا کیا مقام تھا؟**

جواب : دورِ جاہلیت میں لڑکی پیدا ہونے پر اسے زندہ دفن کر دیا جاتا تھا۔ عورت کو وراثت سے محروم رکھا جاتا تھا اور ہر حوالے سے اس کے ساتھ ناروا سلوک کیا جاتا تھا۔

**سوال نمبر 4 : اقوام متحدہ نے مردوں اور عورتوں کے مساوی حقوق کی بات کب کی؟**

جواب : اقوام متحدہ نے انسانی حقوق کے آفاقی منشور 1948ء میں مردوں اور عورتوں کے مساوی حقوق کی بات کی۔

**سوال نمبر 5 : پنجاب حکومت کا تحفظِ نسواں ایکٹ کیا ہے اور کب منظور ہوا؟**

جواب : پنجاب حکومت نے 24 فروری 2016ء کو تحفظِ نسواں ایکٹ منظور کیا۔ یہ قانون ان خواتین کو انصاف، تحفظ اور امداد فراہم کرتا ہے جو تشدد کا شکار ہوتی ہیں۔

**سوال نمبر 6 : پاکستان میں 2023ء کی مردم شماری کے مطابق خواتین کی کتنی آبادی ہے؟**

جواب : پاکستان کی 2023ء کی مردم شماری کے مطابق ملک کی کل آبادی میں خواتین کی قابلِ ذکر تعداد شامل ہے۔

**سوال نمبر 7 : پاکستان میں خواتین پر تشدد کن طریقوں سے کیا جاتا ہے؟**

جواب : پاکستان میں خواتین پر تشدد مختلف طریقوں سے کیا جاتا ہے، مثلاً قتل کرنا، تیزاب پھینکنا، چھیڑ چھاڑ، گھریلو تشدد، جذباتی اور معاشی تنگی۔

**سوال نمبر 8 : اسلام نے خواتین کو زندگی کے کن شعبوں میں ذمہ داریاں سونپی ہیں؟**

جواب : اسلام نے خواتین کو حکومت، سیاست، قیادت، انتظامات اور مشاورت سمیت زندگی کے تمام شعبوں میں ذمہ داریاں سونپی ہیں۔

**سوال نمبر 9 : اسلام کے مطابق عورت کے چند حقوق تحریر کریں۔ اسلام کی آمد کے بعد عورت کو کیا حقوق حاصل ہوئے؟**

جواب : اسلام کی آمد کے بعد عورت کو وراثت میں حصہ، تعلیم کا حق، مشاورت، نکاح میں رضامندی اور دیگر بنیادی حقوق حاصل ہوئے۔

**سوال نمبر 10 : کوہ صفا اور کوہ مروہ کے درمیان دوڑنا کس عبادت کا اہم رکن ہے اور یہ عمل کس کی سنت ہے؟**

جواب : کوہ صفا اور کوہ مروہ کے درمیان دوڑنا حج اور عمرہ کا اہم رکن ہے۔ یہ عمل حضرت ہاجرہؑ کی سنت ہے۔

**سوال نمبر 11 : حضرت ہاجرہ کوہ صفا اور کوہ مروہ کے درمیان کیوں دوڑی تھیں؟**

**جواب :** حضرت ہاجرہ اپنے بیٹے حضرت اسماعیلؑ کے لیے خوراک اور پانی کی تلاش میں دوڑی تھیں۔

**سوال نمبر 12 : ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کون ہیں؟ ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب :** ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کا تعلق صوبہ سندھ سے ہے۔ یہ پاکستان کی پہلی خاتون ہیں جو 2008ء سے 2013ء تک قومی اسمبلی کی اسپیکر رہیں۔

**سوال نمبر 13 : خواتین پر تشدد کی شکایت آپ کن نمبر پر کر سکتے ہیں؟**

**جواب :** خواتین پر تشدد کی شکایت ہم 1043 پر کر سکتے ہیں۔

**سوال نمبر 14 : تحریک پاکستان میں محترمہ فاطمہ جناح کا کیا کردار رہا؟ / محترمہ فاطمہ جناح کون تھیں؟**

**جواب :** محترمہ فاطمہ جناح قائداعظم محمد علی جناح کی بہن تھیں۔ آپ تحریک پاکستان میں خواتین کو بیدار کرنے میں سرگرم رہیں اور مسلم لیگ کی متحرک رکن تھیں۔

**سوال نمبر 15 : بیگم رعنا لیاقت علی خان کون تھیں؟**

**جواب :** بیگم رعنا لیاقت علی خان پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان کی اہلیہ اور پاکستان کی پہلی خاتون اول تھیں۔ آپ نے مہاجرین کی بحالی کے لیے خدمات انجام دیں، سندھ کی پہلی گورنر اور APWA تنظیم کی بانی تھیں۔

**سوال نمبر 16 : بیگم سلمیٰ تصدق حسین کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب :** بیگم سلمیٰ تصدق حسین نے مسلم خواتین کو مسلم لیگ کا کارکن بنانے کی مہم میں حصہ لیا اور پنجاب خواتین مسلم لیگ کی جوائنٹ سیکریٹری رہیں۔

**سوال نمبر 17 : لیڈی نصرت ہارون کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب :** لیڈی نصرت ہارون نے تحریکِ خلافت میں بھرپور حصہ لیا۔ 1925ء میں انہوں نے "اصلاح الخواتین" انجمن قائم کی جو کراچی کی پہلی مسلم خواتین انجمن تھی۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

**سوال نمبر18 :لیفٹیننٹ جنرل محترمہ نگار جوہر خان کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب :** لیفٹیننٹ جنرل نگار جوہر خان کا تعلق پاکستان آرمی میڈیکل کور سے تھا۔ یہ پاک فوج میں لیفٹیننٹ جنرل کے عہدے پر فائز ہونے والی پہلی خاتون تھیں اور انہیں ہلالِ امتیاز و تمغۂ امتیاز ملا۔

**سوال نمبر19 :بیگم جہاں آراء شاہنواز کون تھیں؟**

**جواب :** بیگم جہاں آراء شاہنواز بیرسٹر شاہنواز کی اہلیہ اور علامہ اقبال کی قریبی دوست تھیں۔ انہوں نے تینوں گول میز کانفرنسوں میں شرکت کی اور 1940ء کے مسلم لیگ اجلاس میں بھی شریک ہوئیں۔

**سوال نمبر20 :بیگم شائستہ اکرام کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب :** بیگم شائستہ اکرام مسلم گرلز فیڈریشن کی روحِ رواں تھیں۔ آپ نے ہندوستان کی طالبات کو منظم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

**سوال نمبر 21 :وہ کون سی مسلم خاتون تھیں جنہوں نے تین گول میز کانفرنسز میں خواتین کی نمائندگی کی؟**

**جواب :** بیگم جہاں آراء شاہنواز نے تینوں گول میز کانفرنسوں میں خواتین کی نمائندگی کی۔

**سوال نمبر22 :خواتین کن شعبوں میں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں؟**

**جواب :** خواتین فوج، صحت، تعلیم، کھیل، شوبز اور سیاست میں نمایاں کردار ادا کر رہی ہیں۔

**سوال نمبر23 :محترمہ بلقیس ایدھی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب :** محترمہ بلقیس ایدھی نے اپنی زندگی سماجی خدمت کے لیے وقف کر دی۔ انہوں نے یتیموں، بے سہارا اور ضرورت مندوں کی خدمت کی اور انہیں تمغۂ امتیاز سے نوازا گیا۔

**سوال نمبر24 :ثمینہ بیگ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

**جواب :** ثمینہ بیگ پاکستان کی پہلی خاتون ہیں جنہوں نے ماؤنٹ ایورسٹ اور کے ٹو سر کیے۔ آپ نے دنیا کے ساتوں براعظموں کی بلند ترین چوٹیوں کو بھی سر کیا۔

**سوال نمبر25 :ارفع کریم کا تعارف لکھیں۔**

**جواب :** ارفع کریم فیصل آباد کی رہائشی تھیں۔ انہوں نے 9 سال کی عمر میں کمپیوٹر ٹیکنالوجی میں عالمی سرٹیفکیٹ حاصل کیا اور صدارتی تمغہ برائے حسنِ کارکردگی پایا۔

**سوال نمبر26 :تشدد کے معاشرے پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟**

**جواب :** تشدد کے معاشرے پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ اس سے بے چینی، بدامنی، عدم تحفظ اور ناانصافی جنم لیتی ہے۔

**سوال نمبر27 :خواتین پر تشدد کے بارے میں عام تصور کیا ہے؟ نسوانی تشدد کی چند وجوہات کیا ہیں؟**

**جواب :** خواتین پر تشدد کو معاشرے نے معمول سمجھ لیا ہے۔ اس کی وجوہات میں مجرموں کو سزا نہ ملنا، معاشرتی عدم مساوات، اور خواتین کی اپنے حقوق سے ناواقفیت شامل ہیں۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ